# تعلیمی اداروں کو حفاظت سے کھولے جانے کے بارے میں سوالات

## وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

کورونا کے کیس کم ہونے کے بعد تعلیمی ادارے (سرکاری اور نجی) کھولے جارہے ہیں۔ اسکول انتظامیہ اور والدین کے لئے چند سوالات کے جوابات نیچے ملاحظہ کریں۔

### 1. تعلیمی اداروں کے لیے صحت کی ہدایات کہاں سے حاصل کر سکتے ہیں؟

- تعلیمی اداروں کے لئے جامع قومی صحت کے رہنما اصول تیار کیے گئے ہیں۔ یہ اصول http://covid.gov.pk/guideline اور http://www.mofept.gov.pk پر دستیاب ہیں۔ ان ھدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔
- اس کے علاوہ تمام تعلیمی ادارے اپنے احاطے میں اہم پیغامات لگائیں گے اور والدین تک پہنچائیں گے۔
- اعلیٰ تعلیمی کمیشن (ایچ ای سی) کی جانب سے جاری کردہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کے لئے مخصوص ہدایات ان کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
https://www.hec.gov.pk/english/Pages/Covid-19-Guidance.aspx
- اسپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے خصوصی تعلیمی اداروں کے لئے مخصوص ہدایات تیار کی ہیں جو ان کی ویب سائٹ http://www.dgse.gov.pk پر دستیاب ہوں گی۔

### 2. کیا تعلیمی اداروں کو دوبارہ کھولنے کے نتیجے میں کرونا کی وبا میں اضافہ ہو سکتا ہے؟

- اگر احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل نہ کیا گیا تو اس کا خطرہ ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں ۴۵ ملین سے زائد بچے اور بچیاں تعلیم سے منسلک ہیں۔ اسی طرح لاکھوں کی تعداد میں اساتذہ اور عملہ بھی ہے۔ تین آسان اقدامات پر سختی سے عمل، کرونا میں اضافے کو روک سکتا ہے:

i. چہرے پر ماسک پہننا۔

ii. بار بار صابن سے ہاتھ دھونا۔ خاص طور پر گھر سے نکلنے سے پہلے اور اسکول میں آنے کے بعد۔

iii. ایک دوسرے سے محفوظ فاصلے کو برقرار رکھنا۔

## 3. والدین کرونا سے محفوظ تعلیم حاصل کرنے میں کیا مدد کر سکتے ہیں؟

- چار اہم چیزوں کو یقینی بنائیں:

i. اگر کھانسی، بخار یا فلو کی کوئی علامت ظاھر ہو تو بچوں کو ہرگز اسکول نا جانے دیں۔

ii. اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو گھر سے صاف ماسک دیں اور انہیں بس یا وین اور کلاس میں پہنے رکھنے کی ھدایت کریں۔

iii. بچوں کو بار بار صابن سے ہاتھ دھونے کی تلقین کریں۔

iv. گھر میں موجود عمر رسیدہ رشتہ داروں سے بچوں کا رابطہ کم رکھیں۔

## 4. اسکول کونسلوں / والدین ٹیچر کمیٹی کا کیا کردار ہے؟

- والدین کی حوصلہ افزائی کریں کے وہ بچوں کو کرونا سے بچنے کے طریقوں پر عمل کرتے ہوے اسکول بھیجیں۔
- اسکول میں حفاظتی اقدامات پر عمل میں اسکول کی مدد کریں۔
- اسکول کمیٹی کے ممبران اسکول کے احاطے سے باہر یا کھلی ہوا میں، بچوں کے کمرہ جماعت سے دور ملیں۔

## 5. اگر کھانسی اور بخار ہے جو COVID سے منسلک نہیں، تو طالب علموں اور عملے کو کیا کرنا چاہئے؟

- اسکول ہرگز نا آیئں، COVID کے کیس کم ہو گئے ہیں لیکن وبا اب بھی ایک خطرہ ہے۔
- گھر میں رہنا ایک محفوظ عمل ہے، اگر کسی بھی قسم کی علامت ہو تو گھر پر رہیں۔

## 6. اگر تعلیمی عملہ یا طالب علم ماسک کے بغیر اسکول آیئں تو کیا کریں؟

- اس عمل کو سختی سے روکیں، تاہم اسکولوں کو کسی ایسے عملے اور طالب علم کو دینے کے لئے کچھ غیر استعمال شدہ ماسک رکھنے چاہئے، تا کہ ایسے وقت میں کام آ سکے۔

## 7. کیا دوبارہ کھلنے کے بعد تعلیمی ادارے پھر سے بند ہو سکتے ہیں؟

- ہاں۔ اگر اسکول کے احاطے میں یا ملحقہ علاقے میں کرونا کے کیس بڑھیں تو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور ضلعی حکام کی مشاورت سے، انتظامیہ ادارے کو کچھ دنوں کے لئے بند کر سکتی ہے (کیس کی تعداد اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی ھدایت کی بنیاد پر)۔
- یہ بہت اہم ہے کہ ادارے کی انتظامیہ وبا کے پھیلاؤ کو کنٹرول کرنے اور رپورٹنگ میں ایک فعال کردار ادا کریں۔
- اگر کوئی تعلیمی ادارہ ضروری حفاظتی اقدامات کی پیروی نہیں کرتا تو وہ عارضی طور پر بند ہو سکتا ہے، جبتکہ حفاظتی طریقوں پر عمل شروع نہ ہو جائے۔

## 8. اگر تعلیمی ادارہ عارضی طور پر بند ہو تو کیا کریں؟

- انتظامیہ کی طرف سے اسکول کھلنے تک وہاں جانے کی کوشش نہ کریں۔
- اسکول انتظامیہ کو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے مشورہ پر دوبارہ کھولنے سے قبل، اسکول کی صفائی کرانا چاہیے۔
- والدین اور طلباء کو گھر میں تدریسی مواد دیں۔

## 9. میں کرونا کے خوف سے اپنے بچے کو اسکول بھیجنے کے لئے تیار نہیں، کیا کروں؟۔

- ایسے والدین کو اسکول سے بات کرنی چاہیے اور تعلیمی مواد حاصل کر کے گھر پر تعلیم کا سلسلہ جاری رکھنا چاہیے۔
- وفاقی وزارت کی ویب سائٹ-https://etaleem.gov.pk/ اور پنجاب حکومت کی ویب سائٹhttps://elearn.gov.pk اور بہت سے نجی ویب سائٹ پر تدریسی مواد مفت موجود ہیں۔ ان سے فائدہ اٹھایئں۔

## 10. COVIDوبا کے دوران اسکول میں کونسی سرگرمیاں منسوخ کر دی گئی ہیں؟

- درج ذیل سرگرمیوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے:
  - i. اسکول اسمبلیاں
  - ii. کھیل کود جس میں ایک دوسرے کو ھاتھ لگ سکتا ہے۔
  - iii. اسکول کے دورے، میلے اور سماجی اجتماعات۔

## 11. کیا بچوں کو اسکول میں وقفہ یا لنچ بریک ملے گی؟

- اس بات کا فیصلہ اسکول انتظامیہ بچوں کی تعداد اور اسکول میں جگہ دستیاب ہونے پر مقامی طور پر کرے گی۔

## 12. کیا والدین اور باہر کے لوگوں کو اسکول میں اندر آنے کی اجازت ہے؟

- اسکول انتظامیہ ملاقات کے لئے آنے والے لوگوں کی حوصلہ شکنی کرے گی۔
- انتظامیہ اور اساتذہ کو فون کریں. صرف بہت ضروری ملاقاتیوں کو ماسک اور سماجی دوری قائم رکھتے ہوئے آنے کی اجازت دی جائے گی۔
- صحت کی ٹیموں، تعلیمی ادارے، ضلعی انتظامیہ کے افراد یا ایک بیمار بچے کے والدین کو آنے کی اجازت ہو گی۔

## 13. کیا اسکول کے طالب علم اور اسٹاف کو غیر حاضری کے لئے طبی سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہو گی؟

- اسکول انتظامیہ طلبا اور عملے دونوں کی غیر موجودگی کو ریکارڈ کرے گی۔ طویل غیر حاضری کی صورت میں اسکول طبی سرٹیفکیٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## 14. کیا ڈے کیئر کھلے ہیں؟

- ڈے کیئر کی سہولیات حفاظتی اقدامات پر عمل کرتے ہوئے کھلے رہیں گے۔
- دو سال سے کم عمر بچوں کو ماسک کی ضرورت نہیں ہے۔

## 15. کیا حفاظتی اقدامات اسکول ٹرانسپورٹ پر بھی لاگو ہوتے ہے؟

- ہاں. اسکول وین اور بسوں کو اقدامات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے، بس یا وین پر تمام بچوں اور بالغوں کو ماسک پہننا ہے۔

## 16. کیا کیفیٹیریا اور کینٹین کھلے ہوں گے؟

- کیفیٹیریا اور کینٹین کھلے ہوں گے لیکن اس کے احاطے میں کھانا پکانے سے گریز کریں۔ پہلے سے پیک شدہ صاف کھانے کی اجازت ہے.
- والدین گھر سے لنچ دیں تاکہ بچے محفوظ رہیں.

17. کس قسم کا ماسک چہرہ ڈھکنے کے لئے ضروری ہے؟

- عام گھر پر بنا کپڑے کا ماسک بھی کافی ہے۔ایک سادہ کپڑے کی دو تہیں سی لیں اور اسے باندھنے کے لیے ڈور لگالیں. یہ ایک دوسرے کے منہ اور ناک سے نکلنے والی بوندوں کو روکتا ہے۔
- ماسک کے ایک سے زیادہ سیٹ رکھیں اور باقاعدگی سے ان کو دھو کر استعمال کریں۔
- بچوں کو آپس میں ماسک کا تبادلہ کرنے کی اجازت نہ دیں۔
- ماسک ایسے کپڑے کا ہو جس میں سانس لینا آسان ھو۔

18. اگر میرا تعلیمی ادارہ صرف آن لائن پڑھائی جاری رکھنا چاہتا ہے تو کیا ہوگا؟

- بہت کم اسکولوں اور طالب علموں کو مکمل آن لائن کی سہولت میسر ھے. اگر کسی اسکول اور اس کے طلبا اور والدین تعلیم کا سلسلہ آن لائن جاری رکھنا چاہتے ہیں تو ان کو اس کی مکمل اجازت ہے۔

19. کیا اسکول آن لائن اور اور اسکول میں کلاس لینے کے دونوں طریقے استعمال کر سکتے ہیں؟

- طالب علموں کے لئے بہترین تدریسی طریقہ کا تعین اسکول کا فیصلہ ہو گا۔

20. کیا تعلیمی ادارے سب کا کرونا ٹیسٹ کریں گے؟

- تمام بچوں اور عملے کی جانچ پڑتال نہیں کی جائے گی. اسکول انتظامیہ کے ساتھ مشاورت میں صحت کی ٹیمیں اور ضلعی حکام چند نمونے لے سکتے ہیں۔
- البتہ، تمام کینٹین ٹھیکیدار اور ان کا عملہ کرونا کی ٹیسٹنگ کرایئں گے۔

21. اسکول میں سماجی فاصلہ رکھنے سے کیا مراد ہے؟

- کرونا کے بچاؤ کے لئے سماجی فاصلہ رکھنا ضروری ہے۔ آپس میں چھ فٹ کا فاصلہ رکھنے کے لئے، اسکول میں طلبا اور عملے کی تعداد کو کم رکھا جائے گا۔
- اس کے لئے انتظامیہ بچوں اور عملے کو شفٹوں یا مختلف دنوں پر آنے کا کہہ سکتے ہیں۔
- شفٹوں کا فیصلہ، اسکول بچوں کی تعداد اور جگہ کی مناسبت سے کریں گے۔

### 22. میرے اسکول میں بچوں کی تعداد کم ہے، اور بآسانی چھ فٹ کا فاصلہ رکھا جا سکتا ہے، کیا ہم بھی شفٹ میں چلائیں گے؟

- نہیں۔ اس کی ضرورت صرف ان اسکولوں کو ہے جن میں بچوں کی تعداد زیادہ ہے، اور وہ ان میں چھ فٹ کا فاصلہ نہیں رکھ سکتے۔

### 23. کیا اسکولوں کی کھڑکیوں اور دروازوں کو بند رکھنا چاہیئے؟

- کھڑکیاں اور دروازوں کو کھلا رکھیں۔
- اگر موسم اجازت دے تو کلاس باہر بھی ہو سکتی ہے۔

### 24. اگر اسکول آنے کے بعد عملے یا بچوں کو کرونا کے آثار نظر آیں تو کیا کریں؟

- انتظامیہ احاطے کے اندر ایک الگ تھلگ کمرہ یا جگہ مختص کریں۔ علامات ظاہر ہونے پر انہیں اس جگہ پر بٹھایئں۔ گھر والوں کو اطلاع دیں اور اگر طبیعت زیادہ خراب ہو تو قریبی ہیلتھ سینٹر کی مدد لیں۔
- اس جگہ کی صفائی ضروری ہے۔
- یہ سب وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے اہم ہے۔

### 25. کیا اساتذہ کا ماسک پہننا ضروری ہے؟

- جی ہاں تمام اساتذہ اور غیر تدریسی عملے کو ماسک پہننا ضروری ہے۔

### 26. کیا میرے بچے کو ہر روز اسکول جانا ہوگا؟

- یہ فیصلہ انتظامیہ اسکول میں جگہ اور بچوں کی تعداد پر کرے گی۔ براہ کرم اپنے بچوں کے اساتذہ سے کہیں کہ اگر آپ کا بچہ روزانہ یا متبادل دنوں میں جائے تو اس کا تعین کرنے کے لئے timetable فراہم کریں۔

### 27. اسکول کا سال کم ہو چکا ہے، کیا نصاب پر اثر پڑے گا؟

- اسکولوں نے مختصر نصاب تیار کیا ہے۔ پہلے اہم مہارتوں پر توجہ دی جائے گی۔ جن بچوں کو مخصوص توجہ کی ضرورت ہے ان کے لئے خاص کلاسوں کا انتظام کیا جائے۔

28. کیا 9،10، 11 اور 12 جماعت کے لئے 2021 میں بورڈ امتحانات ہوں گے؟

- امتحانات کا شیڈول بن رہا ہے اور تمام بورڈ مشاورت سے اس کا اعلان کریں گے۔ چھوٹی کلاسوں کے امتحانات کا فیصلہ، متعلقہ تعلیمی محکموں، اسکولوں اور ان کے حکام کی طرف سے اعلان کیا جائے گا۔